DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC REALTEIONS
BALOCHISTAN

نظامتِ اعلیٰ تعلقاتِ عامہ
حکومتِ بلوچستان

NO.DGPR(PRESS CLIPPING)/ 988

DATED 07-11-2026.

SUBJECT:- PRESS CLIPPINGS.

kindly find enclosed here with a set of press clipping of Locall/National Newspapers for information and necessary action.

for (Director General)

The Press Secretary to
Chief Minister, Balochistan, Quetta.

RAMZAY ROAD QUETTA

PHONE NO: 081-9202548-9201615-9201956, FAX NO:081-9201108
e-mail: dgprquettabalochistan@.com, dgprquetta.advt@gmail.com

CamScanner

DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN

مورخہ 07.11.2026

نمبر شمار	اہم قومی ومقامی خبریں	اخبارات
01	کتابی علم اور عملی زندگی کے درمیان موجود خلیج کو کم کرنا ہوگا، جعفر مندوخیل۔	جنگ ودیگر اخبارات
02	مستحق شہریوں کو علاج روزگار اور بنیادی سہولیات سے محروم نہیں رہنے دیں، گے سرفراز بگٹی۔	جنگ ودیگر اخبارات
03	آئی ٹی علوم سے آگاہی وقت کی اہم ضرورت ہے، سردار کوہ یار ڈومکی۔	جنگ ودیگر اخبارات
04	شہریوں کی جان ومال کے تحفظ کو یقینی بنایا جائے گا، ضیاء لانگو۔	جنگ ودیگر اخبارات
05	30 ہزار نوجوانوں کو بیرون ملک روزگار فراہم کریں گے، ظہور بلیدی۔	مشرق ودیگر اخبارات
06	شعبہ صحت میں بہتری حکومت کی اولین ترجیح ہے، بخت کاکڑ۔	مشرق ودیگر اخبارات
07	بلوچستان حکومت کو مرکز سے تعاون نہیں، بلاول بھٹو۔	مشرق ودیگر اخبارات
08	بلوچستان کے حالات پر اے پی سی 19 نومبر کو ہڑتال کا اعلان۔	جنگ ودیگر اخبارات
09	پی اے سی اجلاس محکمہ مواصلات وتعمیرات کے تین ارب 24 کروڑ روپے لیپس ہونے پر تشویش کا اظہار۔	جنگ ودیگر اخبارات
10	بلوچستان کے حالات دل خون کے آنسو روتا ہے، جسٹس جمال مندوخیل۔	جنگ ودیگر اخبارات
11	بلوچستان پولیس اور نادرا میں ڈیجیٹل پولیس سنگھ کا معاہدہ طے پایا گیا۔	جنگ ودیگر اخبارات
12	جیل ملازمین کے کوارٹرز اور بیرکس کی بہتری کے لیے 35 کروڑ روپے منظور۔	جنگ ودیگر اخبارات
13	کوئٹہ میٹروپولیٹن میں بھرتیوں کی انکوائری شروع۔	جنگ ودیگر اخبارات
14	بلوچستان پولیس وردی میں ویڈیوز بنانے پر پابندی عائد۔	جنگ ودیگر اخبارات
15	بلوچستان میں نئے اسلحہ لائسنس کی اجراء پر پابندی ختم۔	جنگ ودیگر اخبارات
16	طالبات جدید تعلیم اور فنی مہارتوں پر توجہ دیں، مولانا ہدایت الرحمٰن۔	جنگ ودیگر اخبارات
17	بلوچستان کے عوام بنیادی حقوق سے محروم ہیں، امیر جماعت اسلامی کوئٹہ۔	جنگ ودیگر اخبارات

امن وامان:

خضدار اناری جھال میں فورسز کا آپریشن دو دہشت گرد ہلاک دو زخمی، انتظامیہ سے مذاکرات کامیاب میزی اڈہ میں جاری احتجاجی دھرنا ختم، ڈی ایم جمالی بلوچستان وسندھ پولیس کا اپریشن، سبی نامعلوم افراد کی فائرنگ سے نوجوان جاں بحق، حب جھاڑیوں سے لاش برامد۔

عوامی مسائل:

صوبائی دارالحکومت میں مہنگائی طوفان عوام گران فروشوں کے رحم وکرم پر، کوئٹہ کی اہم شہراؤں پر پارکنگ کے مسائل شہریوں کو مشکلات۔

اداریہ:

روزنامہ سینچری ایکسپریس کوئٹہ نے **"پیٹرولیم قیمتوں میں کمی، عوامی مشکلات کب کم ہوں گی؟"** کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کہ ملک میں مہنگائی کے بوجھ تلے دبے عوام کے لیے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی۔ یقیناً ایک خوش آئند پیش رفت ہے، حکومت نے پیٹرول کی قیمت میں 9 روپے 41 پیسے اور ہائی اسپیڈ ڈیزل میں 5 روپے 56 پیسے نی لیڈری کر کے عوام کو جزوی سہولت فراہم کی ہے، اوگرا کے

CamScanner

DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN

نوٹیفیکیشن کے مطابق 6 نومبر 2026 سے پیٹرول کی نئی قیمت 352 روپے 59 پیسے جبکہ ڈیزل 382 روپے 25 پیسے فی لیٹر قرار کیا گیا ہے۔ بلاشبہ عالمی منڈ کے حالات اور ملکی معاشی تقاضوں کے درمیان قیمتوں کا تعین ایک پیچیدہ عمل ہے، تاہم عوام کی توقعات محض اعلانات نہیں بلکہ عملی ریلیف سے وابستہ ہیں۔ پیٹرولیم صرف گاڑیوں کے مصنوعات کی قیمتیں ملکی معیشت کی شہ رگ کی حیثیت رکھتی ہیں۔ ان میں کمی یا اضافے کے اثرات یندھن تیک محدود نہیں رہتے بلکہ اشیائے خوردونوش، زرعی پیداوار صنعتی سرگرمیوں، مال برداری اور پبلک ٹرانسپورٹ کے کرایوں تک پھیل جاتے ہیں۔ بالخصوص ڈیزل کی قیمت میں کمی کا فایدہ کسانوں، ٹرانسپورٹرز اور اشیائے ضروریہ کی ترسیل سے وابستہ کاروباری طبقے کو پہنچنا چاہیے، لیکن نے پر طور پر اضی کا تجربہ بتاتا ہے کہ قیمتیں بڑھنے پر مہنگائی فوری طور پر بازاروں میں منتقل ہو جاتی ہے، جبکہ کسی کے باوجود اشیا اور خدمات کے نرخ برقرار رہتے ہیں، اس غیر متوازن طرز عمل کی روک تھام ناگزیر ہے۔ وزیر اعظم شہباز شریف کی جانب سے پرائم منسٹر فیول ریلیف پروگرام کے تحت مستحق افراد کو سہولت فراہم نہ کرنے والے پیٹرول پمپس کے لائسنس منسوخ کرنے کی ہدایت۔

اداریے :

مضامین :

برائے ڈائریکٹر جنرل
نظامت تعلقات عامہ بلوچستان

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. Dated: 07 NOV 2026 Page No. 1

امن وامان ٹھیک نہیں، بحیثیت گورنر کئی باتیں نہیں کرسکتا، جعفر مندوخیل

ای کامرس اور ڈیجیٹل تربیت کے ذریعے عالمی مارکیٹ تک رسائی حاصل کرسکتے ہیں، گورنر بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) گورنر بلوچستان شیخ جعفر خان مندوخیل نے کہا ہے کہ صوبے میں گورنر راج کے نفاذ کے حوالے سے کسی قسم کا علم نہیں ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ بلوچستان میں امن وامان کی صورتحال ٹھیک نہیں ہے آج بحیثیت گورنر کئی باتیں نہیں کرسکتا، جب گورنر نہیں ہوں گا تو مکمل تبصرہ کروں گا۔

آخر صفحہ 3 نمبر 16

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے رواں سال 2026 کے دوران پاکستان، بالخصوص بلوچستان میں آر ٹیفیشل انٹیلی جنس، ڈیجیٹل لٹریسی اور نوجوانوں کی پروفیشنل آئی ٹی تربیت کے فروغ کو اپنے فکری اور عملی ایجنڈے کا اہم حصہ بنائے رکھا۔ ذرائع ابلاغ کے مختلف فورمز پر بیانات، علمی و تعلیمی تقریبات میں فکر انگیز تقاریر، قومی و بین الاقوامی شخصیات سے ملاقاتوں اور سرکاری جامعات کے وائس چانسلرز کے ساتھ روابط میں انہوں نے آرٹیفیشل انٹیلی جنس، روبوٹکس، ای کامرس، آن لائن کاروبار اور انفارمیشن ٹیکنالوجی کی تعلیم و تربیت پر مسلسل زور دیا۔ انکی اس مسلسل توجہ و انتھک محنت کے نتیجے میں یہ جدید علوم اور ٹیکنالوجیز بلوچستان کے تعلیمی و ترقیاتی مباحث کا اہم موضوع بن کر ابھرے۔ گورنر مندوخیل اس حقیقت کا ادراک رکھتے ہیں کہ بلوچستان کے ہزاروں نوجوان بے روزگاری جیسے سنگین معاشی مسئلے سے دوچار ہیں۔

MASHRIQ QUETTA

کتابی علم اور عملی زندگی کے درمیان موجود خلیج کو کم کرنا ہوگا، جعفر مندوخیل

اعلیٰ تعلیم کا مقصد صرف ڈگریوں کا حصول نہیں، علم کو عملی مہارت، تحقیق کو پیداواری صلاحیت اور معاشی خودمختاری میں تبدیل کرنا ہے

جامعات میں ایسے کورسز متعارف کرائے جائیں جو طلباء و طالبات کیلئے معاشی امکانات سے بھی روشناس کرائیں، گورنر بلوچستان

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے رواں سال 2026 کے دوران پاکستان، بالخصوص بلوچستان میں آرٹیفیشل انٹیلی جنس، ڈیجیٹل لٹریسی اور نوجوانوں کی پروفیشنل آئی ٹی تربیت کے فروغ کو اپنے فکری اور عملی ایجنڈے کا اہم حصہ بنائے رکھا۔ ذرائع ابلاغ کے مختلف فورمز پر بیانات، علمی

بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 پر

و تعلیمی تقریبات میں فکر انگیز تقاریر، قومی و بین الاقوامی شخصیات سے ملاقاتوں اور سرکاری جامعات کے وائس چانسلرز کے ساتھ روابط میں انہوں نے آرٹیفیشل انٹیلی جنس، روبوٹکس، ای کامرس، آن لائن کاروبار اور انفارمیشن ٹیکنالوجی کی تعلیم و تربیت پر مسلسل زور دیا۔ انکی اس مسلسل توجہ و انتھک محنت کے نتیجے میں یہ جدید علوم اور ٹیکنالوجیز بلوچستان کے تعلیمی و ترقیاتی مباحث کا اہم موضوع بن کر ابھرے۔ گورنر مندوخیل اس حقیقت کا ادراک رکھتے ہیں کہ بلوچستان کے ہزاروں نوجوان بے روزگاری جیسے سنگین معاشی مسئلے سے دوچار ہیں۔ اس چیلنج سے نمٹنے کے لیے محض روایتی سرکاری ملازمتوں یا محدود روزگار کے مواقع پر انحصار کافی نہیں، بلکہ نوجوانوں کو بدلتی ہوئی عالمی معیشت کے تقاضوں سے ہم آہنگ کرنا ناگزیر ہے۔ ان کا تصور یہ ہے کہ اگر نوجوانوں کو مصنوعی ذہانت، ڈیجیٹل لٹریسی، جدید میڈیکل اینڈ پروفیشنل کورسز، ای کامرس اور آن لائن بزنس کی عملی تربیت فراہم کی جائے تو وہ نہ صرف ملکی بلکہ بین الاقوامی مارکیٹ میں بھی اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لا سکتے ہیں۔ اسطرح نوجوان ملازمت کے متلاشی ہونے کے ساتھ ساتھ خود دوسروں کیلئے روزگار کے مواقع پیدا کرنے والے بھی بن سکتے ہیں۔ اسی وژن کے تحت انہوں نے تمام پبلک سیکٹر یونیورسٹیز پر زور دیا کہ وہ روایتی نصابی اور تعلیمی ڈھانچے سے آگے بڑھتے ہوئے جدید ٹیکنالوجی اور مارکیٹ کی ضروریات کے مطابق تعلیمی پروگرام متعارف کرائیں۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITA

نظامت اعلیٰ تعلقا
حکومت بلو

et No.

Page No. 7

THE DAILY JANG QUETTA

روزنامہ جنگ کوئٹہ

بانی میر خلیل الرحمٰن

جلد 55 | ہفتہ 26 جمادی الاوّل 1448ھ 7 نومبر 2026ء | نمبر 305 | قیمت 40 روپے

کسی ضرورت مند اور مشکل میں گھرے شہری کے چہرے پر مسکراہٹ لانا میرے لیے سب سے بڑا اطمینان ہے، سرفراز بگٹی

مستحق شہریوں کو علاج، روزگار اور بنیادی سہولیات سے محروم نہیں رہنے دیں گے

بینائی سے محروم شہری محمد زاہد کو علاج کیلئے مکمل تعاون کی یقین دہانی، غریب دوست کو روزگار کیلئے رکشہ تحفے میں دے دیا، تنہا نہیں چھوڑیں گے، گفتگو

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ انسانیت کی خدمت ہی اصل خدمت ہے کسی ضرورت مند اور مشکل میں گھرے شہری کے چہرے پر مسکراہٹ لانا میرے لیے سب سے بڑا اطمینان ہے۔ ریاست کی ذمہ داری ہے کہ وہ اپنے شہریوں کو مشکلات میں تنہا نہ چھوڑے اور انہیں باعزت زندگی گزارنے کے مواقع فراہم کرے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے بینائی سے محروم کوئٹہ کے شہری محمد زاہد سے ملاقات کے دوران کیا۔ وزیر اعلیٰ نے محمد زاہد کی مالی معاونت کی اور ان کی آنکھوں کے علاج اور بینائی کی بحالی کے لیے مکمل تعاون کی یقین دہانی کرائی، جبکہ ان کے غریب اور بے روزگار دوست جان محمد کو باعزت روزگار کی فراہمی کے لیے رکشہ بھی تحفے میں دیا۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ محمد زاہد کی آنکھوں کے علاج کے لیے ہر ممکن سہولت فراہم کی جائے گی اور اگر ان کا علاج لندن، امریکہ، دبئی یا دنیا کے کسی بھی ملک میں ممکن ہوا تو حکومت اس کے لیے بھی مکمل تعاون کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ کسی مستحق شہری کو تنہا نہیں چھوڑیں گے، معذوری کبھی انسان کی صلاحیتوں اور عزت نفس میں کمی کا باعث نہیں بننی، ایسے افراد کو باعزت زندگی اور خود مختار روزگار کے مواقع فراہم کرنا ہماری ذمہ داری ہے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBL
RELATIONS BALOCHS

Bullet No.

Daily MASHRIQ QUETTA
اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)
روزنامہ مشرق کوئٹہ
چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد
جلد 55 | ہفتہ 26 جمادی الاول 1448ھ 07 نومبر 2026، صفحات 08 | شمارہ 117
PTCL081-2827345 | 081-2827344 | Email. mashriqqta2008@gmail.com | BC-m-1 رجسٹرڈ
قیمت 40 روپے

عوام کی مشکلات کا ازالہ حکومت کی ذمہ داری ہے، سرفراز بگٹی

بینائی سے محروم محمد زاہد کی آنکھوں کا علاج اگر دنیا کے کسی بھی ملک میں ممکن ہوا تو حکومت مکمل تعاون کرے گی

کسی مستحق شہری کو تنہا نہیں چھوڑیں گے، وزیراعلیٰ بلوچستان، محمد زاہد کے ہیروز گار دوست کو رکشہ تحفے میں دیا

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ انسانیت کی خدمت ہی اصل خدمت ہے، کسی ضرورت مند اور مشکل میں گھرے شہری کے چہرے پر مسکراہٹ لانا میرے لیے سب سے بڑا اطمینان ہے۔ ریاست کی ذمہ داری ہے کہ وہ اپنے شہریوں کو مشکلات میں تنہا نہ چھوڑے اور انہیں باعزت زندگی گزارنے کے مواقع فراہم کرے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے بینائی سے محروم کوئٹہ ..... بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر

کے شہری محمد زاہد سے ملاقات کے دوران کیا۔ وزیر اعلیٰ نے محمد زاہد کی مالی معاونت کی اور ان کی آنکھوں کے علاج اور بینائی کی بحالی کے لیے مکمل تعاون کی یقین دہانی کرائی، جبکہ ان کے غریب اور بے روزگار دوست جان محمد کو باعزت روزگار کی فراہمی کے لیے رکشہ بھی تحفے میں دیا۔ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ محمد زاہد کی آنکھوں کے علاج کے لیے ہر ممکن سہولت فراہم کی جائے گی اور اگر ان کا علاج لندن، امریکہ، دبئی یا دنیا کے کسی بھی ملک میں ممکن ہوا تو حکومت اس ضمن میں مکمل تعاون کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ کسی مستحق شہری کو تنہا نہیں چھوڑیں گے، معذوری کسی انسان کی صلاحیتوں اور عزت نفس میں کمی کا باعث نہیں بنتی، ایسے افراد کو باعزت زندگی اور خودمختار روزگار کے مواقع فراہم کرنا ہماری ذمہ داری ہے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ ہماری کوشش ہے کہ بلوچستان کا کوئی مستحق شہری علاج، روزگار اور بنیادی سہولیات سے محروم نہ رہے۔ انسانیت کی خدمت ہمارا نصب العین ہے اور عوام کی مشکلات کا ازالہ حکومت کی ذمہ داری ہے۔ اس موقع پر محمد زاہد نے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ وزیراعلیٰ عوام کے دکھ درد کو سمجھتے اور مشکل وقت میں ان کا ساتھ دینے والے متحرک وزیراعلیٰ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ نے اس سے قبل بھی ان کے علاج کے لیے 10 لاکھ روپے کی مالی معاونت فراہم کی اور روزگار کے حصول میں مدد کی۔ محمد زاہد کے مطابق وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے ہمیشہ ان کی مشکلات کو سمجھا اور انہیں کبھی خالی ہاتھ واپس نہیں بھیجا۔ محمد زاہد اور ان کے دوست جان محمد نے مالی معاونت، علاج کے لیے مکمل تعاون اور روزگار کے لیے رکشہ فراہم کرنے پر وزیراعلیٰ بلوچستان کا شکریہ ادا کرتے ہوئے ان کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

CLIPPING SERVICE
DIRECTORAT
GENERAL OF PU
RELATIONS BALOC
نظامت اعلیٰ تعلقا
حکومت بلوچ
Bullet No.
Page No. 4

سینچری ایکسپریس کوئٹہ
روزنامہ
پاکستان کے 11 شہروں سے بیک وقت شائع ہونے والا واحد اخبار
جلد 24 شمارہ 324 | ہفتہ 26 جمادی الاوّل 7 نومبر 2026، صفحات 6 قیمت 40 روپے

کسی ضرورت مند کے چہرے پر مسکراہٹ لانا باعث اطمینان ہے، میر سرفراز بگٹی

معذوری کسی انسان کی صلاحیتوں اور عزت نفس میں کمی نہیں لاسکتی، انہیں روزگار فراہم کرنا ہماری ذمہ داری ہے

وزیراعلیٰ سے بینائی سے محروم شہری کی ملاقات، مالی معاونت اور علاج کیلئے تعاون پر اظہار تشکر، رکشہ تحفے میں دیا

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ انسانیت کی خدمت ہی اصل خدمت ہے، کسی ضرورت مند اور مشکل میں گھرے شہری کے چہرے پر مسکراہٹ (باقی صفحہ 5 نمبر 16)



وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کو ڈیرہ شیریں خان مری روایتی بلوچی چھڑی پیش کررہے ہیں

لانا میرے لیے سب سے بڑا اطمینان ہے۔ ریاست کی ذمہ داری ہے کہ وہ اپنے شہریوں کو مشکلات میں تنہا نہ چھوڑے اور انہیں باعزت زندگی گزارنے کے مواقع فراہم کرے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے بینائی سے محروم کوئٹہ کے شہری محمد زاہد سے ملاقات کے دوران کیا۔ وزیراعلیٰ نے محمد زاہد کی مالی معاونت کی اور ان کی آنکھوں کے علاج اور بینائی کی بحالی کے لیے مکمل تعاون کی یقین دہانی کرائی، جبکہ ان کے غریب اور بے روزگار دوست جان محمد کو باعزت روزگار کی فراہمی کے لیے رکشہ بھی تحفے میں دیا۔ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ محمد زاہد کی آنکھوں کے علاج کے لیے ہر ممکن سہولت فراہم کی جائے گی اور اگر ان کا علاج لندن، امریکہ، دبئی یا دنیا کے کسی بھی ملک میں ممکن ہوا تو حکومت اس ضمن میں مکمل تعاون کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ کسی مستحق شہری کو تنہا نہیں چھوڑیں گے، معذوری کسی انسان کی صلاحیتوں اور عزت نفس میں کمی کا باعث نہیں بنتی، ایسے افراد کو باعزت زندگی اور خودمختار روزگار کے مواقع فراہم کرنا ہماری ذمہ داری ہے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ ہماری کوشش ہے کہ بلوچستان کا کوئی مستحق شہری علاج، روزگار اور بنیادی سہولیات سے محروم نہ رہے۔ انسانیت کی خدمت ہمارا نصب العین ہے اور عوام کی مشکلات کا ازالہ حکومت کی ذمہ داری ہے۔ اس موقع پر محمد زاہد نے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ وزیراعلیٰ عوام کے دکھ درد کو سمجھنے اور مشکل وقت میں ان کا ساتھ دینے والے متحرک وزیراعلیٰ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ نے اس سے قبل بھی ان کے علاج کے لیے 10 لاکھ روپے کی مالی معاونت فراہم کی اور روزگار کے حصول میں مدد کی۔ محمد زاہد کے مطابق وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے ہمیشہ ان کی مشکلات کو سمجھا اور انہیں کبھی خالی ہاتھ واپس نہیں بھیجا۔ محمد زاہد اور ان کے دوست جان محمد نے مالی معاونت، علاج کے لیے مکمل تعاون اور روزگار کے لیے رکشہ فراہم کرنے پر وزیراعلیٰ بلوچستان کا شکریہ ادا کرتے ہوئے ان کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

وزیراعلیٰ بلوچستان سے پیپلز پارٹی کے رہنماؤں کی ملاقات

ملاقات میں اقبال شاہ، حیات اچکزئی نے پارٹی کارکنوں کے امور سے آگاہی دی


کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما وفاقی پرسن سید اقبال شاہ اور صوبائی ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات حیات خان اچکزئی نے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران صوبے کی سیاسی صورتحال، پارٹی امور اور عوام کے فلاح و بہبود کے منصوبوں پر تفصیل سے تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر پارٹی رہنماؤں نے وزیراعلیٰ بلوچستان کو پارٹی کارکنان کے امور سے آگاہ کیا۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے اس بات پر زور دیا کہ پارٹی کے دیرینہ کارکنان اور عہدیدار ہمارا اثاثہ ہیں اور ان کی تجاویز و مشاورت کو انتظامی امور اور عوامی خدمت کے عمل میں خاص اہمیت دی جائے گی۔ اس موقع پر سید اقبال شاہ اور حیات خان اچکزئی نے صوبے میں گڈ گورننس کے قیام اور عوام کی بہتری کے لیے وزیراعلیٰ بلوچستان کے اقدامات کو سراہا۔

THE DAILY
BAAKHABAR
QUETTA
روزنامہ باخبر کوئٹہ
بانی
اکرام اللہ خان
جلد 30 | ہفتہ 07 نومبر 2026ء بمطابق 26 جمادی الاول 1448ھ قیمت 20 روپے | شمارہ 305

وزیر اعلیٰ کی بینائی سے محروم شہری محمد زاہد سے ملاقات

بینائی کی بحالی کے لیے دنیا کے کسی بھی ملک میں علاج کرانے کو تیار ہیں، میر سرفراز بگٹی

کوئٹہ (آئی این پی) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ انسانیت کی خدمت ہی اصل خدمت ہے، کسی ضرورت مند اور مشکل میں گھرے شہری کے چہرے پر مسکراہٹ لانا میرے لیے سب سے بڑا اطمینان ہے۔ ریاست کی ذمہ داری ہے کہ وہ اپنے شہریوں کو مشکلات میں تنہا نہ چھوڑے اور انہیں باعزت زندگی گزارنے کے مواقع فراہم کرے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے بینائی سے محروم کوئٹہ کے شہری محمد زاہد سے ملاقات کے دوران کیا۔ وزیر اعلیٰ نے محمد زاہد کی مالی معاونت کی اور ان کی آنکھوں کے علاج اور بینائی کی بحالی کے لیے مکمل تعاون کی یقین دہانی کرائی، جبکہ ان کے غریب اور بے روزگار دوست جان محمد کو باعزت روزگار کی فراہمی کے لیے رکشہ بھی تحفے میں دیا۔ وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ محمد زاہد کی آنکھوں کے علاج کے لیے ہر ممکن سہولت فراہم کی جائے گی اور اگر ان کا علاج لندن، امریکہ، دبئی یا دنیا کے کسی بھی ملک میں ممکن ہوا تو حکومت اس ضمن میں مکمل تعاون کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ کسی مستحق شہری کو تنہا نہیں چھوڑیں گے، معذوری کسی انسان کی صلاحیتوں اور عزت نفس میں کمی کا باعث نہیں بنتی، ایسے افراد کو باعزت زندگی اور خودمختار روزگار کے مواقع فراہم کرنا ہماری ذمہ داری ہے۔



کوئٹہ، وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی صحافی کو بلوچی زبان میں انٹرویو دے رہے ہیں

DIREC
GENERAL
RELATIONS

نظامت اعلیٰ تـ
حکومت با

Bullet No.

Page No. 6

روزنامہ میزان کوئٹہ
بانی: مولانا عبدالکریم
بیاد: جمیل الرحمٰن
بیاد: برکت علی
چیف ایڈیٹر: محمد زبیر خان
جلد 78 | ہفتہ 07 نومبر 2026ء 26 جمادی الاول 1448ھ | قیمت 20 روپے | شمارہ 68

انسانیت کی خدمت ہمارا نصب العین ہے، میر سرفراز بگٹی

انسانیت کی خدمت ہی اصل خدمت ہے، کسی ضرورت مند اور مشکل میں گھرے شہری کے چہرے پر مسکراہٹ لانا میرے لیے سب سے بڑا اطمینان ہے۔ ریاست کی ذمہ داری ہے کہ وہ اپنے شہریوں کو مشکلات میں تنہا نہ چھوڑے

نہیں باعزت زندگی گزارنے کے مواقع فراہم کرے۔ بینائی سے محروم کوئٹہ کے شہری محمد زاہد سے ملاقات کے دوران گفتگو، وزیراعلیٰ بلوچستان نے مالی معاونت کی اور ان کی آنکھوں کے علاج اور بینائی کی بحالی کے لیے مکمل تعاون کی یقین دہانی کرائی

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز | بگٹی نے کہا ہے کہ انسانیت کی خدمت ہی اصل خدمت ہے، کسی | ضرورت مند اور مشکل میں گھرے شہری کے چہرے پر مسکراہٹ لانا | میرے لیے سب سے بڑا اطمینان ہے۔ ریاست (بقیہ 2 صفحہ 2 پر)



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے پارلیمانی سیکرٹری میر محمد خان لہڑی ملاقات کر رہے ہیں

کی ذمہ داری ہے کہ وہ اپنے شہریوں کو مشکلات میں تنہا نہ چھوڑے اور انہیں باعزت زندگی گزارنے کے مواقع فراہم کرے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے بینائی سے محروم کوئٹہ کے شہری محمد زاہد سے ملاقات کے دوران کیا۔ وزیراعلیٰ نے محمد زاہد کی مالی معاونت کی اور ان کی آنکھوں کے علاج اور بینائی کی بحالی کے لیے مکمل تعاون کی یقین دہانی کرائی، جبکہ ان کے غریب اور بے روزگار دوست جان محمد کو باعزت روزگار کی فراہمی کے لیے رکشہ بھی تحفے میں دیا۔ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ محمد زاہد کی آنکھوں کے علاج کے لیے ہر ممکن سہولت فراہم کی جائے گی اور اگر ان کا علاج نصیر آباد، امریکہ، دبئی یا دنیا کے کسی بھی ملک میں ممکن ہوا تو حکومت اس ضمن میں مکمل تعاون کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ کسی مستحق شہری کو تنہا نہیں چھوڑیں گے، معذور بچی کی انسان کی صلاحیتوں اور عزت نفس میں کمی کا باعث نہیں بننی چاہیے افراد کو باعزت زندگی اور خودمختار روزگار کے مواقع فراہم کرنا ہماری ذمہ داری ہے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ ہماری کوشش ہے کہ بلوچستان کا کوئی مستحق شہری علاج، روزگار اور بنیادی سہولیات سے محروم نہ رہے۔ انسانیت کی خدمت ہمارا نصب العین ہے اور عوام کی مشکلات کا ازالہ حکومت کی ذمہ داری ہے۔ اس موقع پر محمد زاہد نے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ وزیراعلیٰ عوام کے دکھ درد کو سمجھتے اور مشکل وقت میں ان کا ساتھ دینے والے متحرک وزیراعلیٰ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ نے اس سے قبل بھی ان کے علاج کے لیے 10 لاکھ روپے کی مالی معاونت فراہم کی اور روزگار کے حصول میں مدد کی۔ محمد زاہد کے مطابق وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے ہمیشہ ان کی مشکلات کو سمجھا اور انہیں کبھی خالی ہاتھ واپس نہیں بھیجا۔ محمد زاہد اور ان کے دوست جان محمد نے مالی معاونت، علاج کے لیے مکمل تعاون اور روزگار کے لیے رکشہ فراہم کرنے پر وزیراعلیٰ بلوچستان کا شکریہ ادا کرتے ہوئے ان کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTO
GENERAL O
RELATIONS BA

Bullet No.

ت اعلیٰ
حکومت

Page No.

Daily BALOCHISTAN NEWS QUETTA

روزنامہ بلوچستان نیوز کوئٹہ

چیف ایڈیٹر: محمد انور ناصر

MEMBER OF APNS | قیمت 15 روپے | FaX:2839867 Ph :2839851

رجسٹرڈ بی سی پی-10

جلد 29 | ہفتہ 7 نومبر 2026ء | 26 جمادی الاول 1448ھ | شمارہ 254

شہریوں کو مشکلات میں تنہا نہ چھوڑنا ریاست کی ذمہ داری ہے، میر سرفراز بگٹی


انسانیت کی خدمت ہی اصل خدمت، کسی ضرورت مند اور مشکل میں گھرے شہری کے چہرے پر مسکراہٹ لانا میرے لیے سب سے بڑا اطمینان ہے

محمد زاہد کی آنکھوں کے علاج کے لیے ہر ممکن سہولت فراہم کی جائے گی، بے روزگار دوست جان محمد کو باعزت روزگار کی فراہمی کے لیے رکشہ بھی تحفے میں دیا

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ انسانیت کی خدمت ہی اصل خدمت ہے، کسی ضرورت مند اور مشکل میں گھرے شہری کے چہرے پر مسکراہٹ لانا میرے لیے سب سے بڑا اطمینان ہے۔ ریاست کی ذمہ داری ہے کہ وہ اپنے شہریوں کو مشکلات میں تنہا نہ چھوڑے اور انہیں باعزت زندگی گزارنے کے مواقع فراہم کرے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے بینائی سے محروم کوئٹہ کے شہری محمد زاہد سے ملاقات کے دوران کیا۔ وزیر اعلیٰ نے محمد زاہد کی مالی معاونت کی اور ان کی آنکھوں کے علاج اور بینائی کی بحالی کے لیے مکمل تعاون کی یقین دہانی کرائی، جبکہ ان کے غریب اور بے روزگار دوست جان محمد کو باعزت روزگار کی فراہمی کے لیے رکشہ بھی تحفے میں دیا۔ وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ محمد زاہد کی آنکھوں کے علاج کے لیے ہر ممکن سہولت فراہم کی جائے گی اور اگر ان کا علاج لندن، امریکہ، دبئی یا دنیا کے کسی بھی ملک میں ممکن ہوا تو حکومت اس ممکن میں مکمل تعاون کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ کسی مستحق شہری کو تنہا نہیں چھوڑیں گے، معذوری کسی انسان کی صلاحیتوں اور عزت نفس میں کمی کا باعث نہیں بنتی، ایسے افراد کو باعزت زندگی اور خودمختار روزگار کے مواقع فراہم کرنا ہماری ذمہ داری ہے۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ ہماری کوشش ہے کہ بلوچستان کا کوئی مستحق شہری علاج، روزگار اور بنیادی سہولیات سے محروم نہ رہے۔ انسانیت کی خدمت ہمارا نصب العین ہے اور عوام کی مشکلات کا ازالہ حکومت کی ذمہ داری ہے۔ اس موقع پر محمد زاہد نے وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ وزیر اعلیٰ عوام کے دکھ درد کو سمجھنے اور مشکل وقت میں ان کا ساتھ دینے والے مخلص وزیر اعلیٰ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ نے اس سے قبل بھی ان کے علاج کے لیے 10 لاکھ روپے کی مالی معاونت فراہم کی اور روزگار کے حصول میں مدد کی۔ محمد زاہد کے سابق وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے ہمیشہ ان کی مشکلات کو سمجھا اور انہیں کبھی خالی ہاتھ واپس نہیں بھیجا۔ محمد زاہد اور ان کے دوست جان محمد نے مالی معاونت، علاج کے لیے مکمل تعاون اور روزگار کے لیے رکشہ فراہم کرنے پر وزیر اعلیٰ بلوچستان کا شکریہ ادا کرتے ہوئے ان کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔



وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے محمد زاہد ملاقات کر رہے ہیں



وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی کو دایرہ شیریں خان سری روایتی بلوچی چھڑی پیش کر رہے ہیں

CLIPPING SERVICE

DIREC
GENERAL
RELATIONS

Bullet No.

Page N

Daily AZADI Quetta

روزنامہ آزادی کوئٹہ

بانی
صدیق بلوچ

جلد نمبر۔27 | ہفتہ 07 نومبر 2026ء بمطابق 26 جمادی الاول 1448ھ | قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر۔303

ضرورت مند کے چہرے پر مسکراہٹ لانا سب سے بڑا اطمینان ہے، سرفراز بگٹی

شہری محمد زاہد کی مالی معاونت، آنکھوں کے علاج، بینائی کی بحالی کے لیے تعاون کی یقین دہانی

غریب اور بے روزگار جان محمد کو باعزت روزگار کی فراہمی کے لیے رکشہ تحفے میں دیا

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ انسانیت کی خدمت ہی اصل خدمت ہے، کسی ضرورت مند اور مشکل میں گھرے شہری کے چہرے پر مسکراہٹ لانا میرے لیے سب سے بڑا اطمینان ہے۔ ریاست کی ذمہ داری ہے کہ وہ اپنے شہریوں کو مشکلات میں تنہا نہ چھوڑے اور انہیں باعزت زندگی گزارنے کے مواقع فراہم کرے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے بینائی سے محروم کوئٹہ کے شہری محمد زاہد سے ملاقات کے دوران کیا۔ وزیر اعلیٰ نے محمد زاہد کی مالی معاونت کی اور ان کی آنکھوں کے علاج اور بینائی کی بحالی کے لیے مکمل تعاون کی یقین (بقیہ نمبر 5 صفحہ نمبر 2 پر)

دہائی کرائی، جبکہ ان کے غریب اور بے روزگار دوست جان محمد کو باعزت روزگار کی فراہمی کے لیے رکشہ بھی تحفے میں دیا۔ وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ محمد زاہد کی آنکھوں کے علاج کے لیے ہر ممکن سہولت فراہم کی جائے گی اور اگر ان کا علاج لندن، امریکہ، دبئی یا دنیا کے کسی بھی ملک میں ممکن ہوا تو حکومت اس ضمن میں مکمل تعاون کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ کسی مستحق شہری کو تنہا نہیں چھوڑیں گے، معذوری کسی انسان کی صلاحیتوں اور عزت نفس میں کمی کا باعث نہیں بنتی، ایسے افراد کو باعزت زندگی اور خود مختار روزگار کے مواقع فراہم کرنا ہماری ذمہ داری ہے۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ ہماری کوشش ہے کہ بلوچستان کا کوئی مستحق شہری علاج، روزگار اور بنیادی سہولیات سے محروم نہ رہے۔ انسانیت کی خدمت ہمارا نصب العین ہے اور عوام کی مشکلات کا ازالہ حکومت کی ذمہ داری ہے۔ اس موقع پر محمد زاہد نے وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ وزیر اعلیٰ عوام کے دکھ درد کو سمجھنے اور مشکل وقت میں ان کا ساتھ دینے والے متحرک وزیر اعلیٰ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ نے اس سے قبل بھی ان کے علاج کے لیے 10 لاکھ روپے کی مالی معاونت فراہم کی اور روزگار کے حصول میں مدد کی۔ محمد زاہد کے مطابق وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے ہمیشہ ان کی مشکلات کو سمجھا اور انہیں کبھی خالی ہاتھ واپس نہیں بھیجا۔ محمد زاہد اور ان کے دوست جان محمد نے مالی معاونت، علاج کے لیے مکمل تعاون اور روزگار کے لیے رکشہ فراہم کرنے پر وزیر اعلیٰ بلوچستان کا شکریہ ادا کرتے ہوئے ان کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔



کوئٹہ، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے پارلیمانی سیکرٹری میر محمد خان لہڑی ملاقات کر رہے ہیں

DIRECT
GENERAL
RELATIONS E

نظامت اعلیٰ
حکومت

Bullet No.

Page No. 9

DAILY ZAMANA

روزنامہ زمانہ کوئٹہ

بانی: سید فتح اقبال

چیف ایڈیٹر: محمد حمید رامین

جلد 81 | ہفتہ 7 نومبر 2026ء 26 جمادی الاوّل 1448ھ | صفحات 6 | قیمت 20 روپے | شمارہ 306

شہریوں کو مشکلات میں تنہا چھوڑنا ریاست کی ذمہ داری ہے

وزیراعلیٰ بلوچستان

میر سرفراز بگٹی کی بینائی سے محروم شہری محمد زاہد سے ملاقات، مالی معاونت، علاج کے لیے مکمل تعاون اور اس کے بے روزگار دوست کو روزگار کے لیے رکشہ فراہم کر دیا

ہماری کوشش ہے کہ بلوچستان کا کوئی مستحق شہری علاج، روزگار اور بنیادی سہولیات سے محروم نہ رہے۔ انسانیت کی خدمت ہمارا نصب العین ہے

کوئٹہ (آن لائن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ انسانیت کی خدمت ہی اصل خدمت ہے، کسی ضرورت مند اور مشکل میں گھرے شہری کے چہرے پر مسکراہٹ لانا میرے لیے سب سے بڑا اطمینان ہے۔ ریاست کی ذمہ داری ہے کہ وہ اپنے شہریوں کو مشکلات میں تنہا نہ چھوڑے اور انہیں باعزت زندگی گزارنے کے مواقع فراہم کرے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے بینائی سے محروم کوئٹہ کے شہری محمد زاہد سے ملاقات کے دوران کیا۔ وزیراعلیٰ نے محمد زاہد کی مالی معاونت کی اور ان کی آنکھوں کے علاج اور بینائی کی بحالی کے لیے مکمل تعاون کی یقین دہانی کرائی، جبکہ ان کے غریب اور بے روزگار دوست جان محمد کو باعزت روزگار کی فراہمی کے لیے رکشہ بھی تحفے میں دیا۔ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ محمد زاہد کی آنکھوں کے علاج کے لیے ہر ممکن سہولت فراہم کی جائے گی اور اگر ان کا علاج لندن، امریکہ، دبئی یا دنیا کے کسی بھی ملک میں ممکن ہوا تو حکومت اس ضمن میں مکمل تعاون کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ کسی مستحق شہری کو تنہا نہیں چھوڑیں گے، معذوری کسی انسان کی صلاحیتوں اور عزت نفس میں کمی کا باعث نہیں بنتی، ایسے افراد کو باعزت زندگی اور خودمختار روزگار کے مواقع فراہم کرنا ہماری ذمہ داری ہے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ ہماری کوشش ہے کہ بلوچستان کا کوئی مستحق شہری علاج، روزگار اور بنیادی سہولیات سے محروم نہ رہے۔ انسانیت کی خدمت ہمارا نصب العین ہے اور عوام کی مشکلات کا ازالہ حکومت کی ذمہ داری ہے۔ اس موقع پر محمد زاہد نے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ وزیراعلیٰ عوام کے دکھ درد کو سمجھنے اور مشکل وقت میں ان کا ساتھ دینے والے متحرک وزیراعلیٰ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ نے اس سے قبل بھی ان کے علاج کے لیے 10 لاکھ روپے کی مالی معاونت فراہم کی اور روزگار کے حصول میں مدد کی۔ محمد زاہد کے مطابق وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے ہمیشہ ان کی مشکلات کو سمجھا اور انہیں کبھی خالی ہاتھ واپس نہیں بھیجا۔ محمد زاہد اور ان کے دوست جان محمد نے مالی معاونت، علاج کے لیے مکمل تعاون اور روزگار کے لیے رکشہ فراہم کرنے پر وزیراعلیٰ بلوچستان کا شکریہ ادا کرتے ہوئے ان کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے پارلیمانی سیکرٹری میر محمد خان لہڑی ملاقات کر رہے ہیں

DIRECTORAT
GENERAL OF P
RELATIONS BALOC

Bullet No.

Daily Qudrat Quetta
قدرت کوئٹہ
بانی: الحاج محمد نعمت اللہ
جلد 22 | ہفتہ 07 نومبر 2026ء 26 جمادی الاول 1447ھ | شمارہ 212

انسانیت کی خدمت ہی اصل عبادت ہے

میر سرفراز بگٹی

علاج کے لیے ہر ممکن سہولت فراہم کی جائے گی اور اگر ان کا علاج لندن، امریکہ، دبئی یا دنیا کے کسی بھی ملک میں ممکن ہوا تو حکومت اس ضمن میں مکمل تعاون کرے گی

وزیر اعلیٰ نے اس سے قبل بھی ان کے علاج کے لیے 10 لاکھ روپے کی مالی معاونت فراہم کی اور روزگار کے حصول میں مدد کی

کوئٹہ (پ ر) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ انسانیت کی خدمت ہی اصل عبادت ہے، کسی ضرورت مند اور مشکل میں گھرے شہری کے چہرے پر مسکراہٹ لانا میرے لیے سب سے بڑا اطمینان ہے۔ ریاست کی ذمہ داری ہے کہ وہ اپنے شہریوں کو مشکلات میں تنہا نہ چھوڑے اور انہیں باعزت زندگی گزارنے کے مواقع فراہم کرے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے وبائی کراچی، ہنگو اور بے روزگار دوست جان محمد کو باعزت روزگار کی فراہمی کے لیے رکشہ بھی تحفے میں دیا۔ وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ محمد زاہد کی آنکھوں کے علاج کے لیے ہر ممکن سہولت فراہم کی جائے گی اور اگر ان کا علاج لندن، امریکہ، دبئی یا دنیا کے کسی بھی ملک میں ممکن ہوا تو حکومت اس ضمن میں مکمل تعاون کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ کسی مستحق شہری کو تنہا نہیں چھوڑیں گے۔ معذوری کسی انسان کی صلاحیتوں اور عزت نفس میں کمی کا باعث نہیں بنتی، ایسے افراد کو باعزت زندگی اور خود انحصار روزگار کے مواقع فراہم کرنا ہماری ذمہ داری ہے۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ ہماری کوشش ہے کہ بلوچستان کا کوئی مستحق شہری علاج، روزگار اور بنیادی سہولیات سے محروم نہ رہے۔ انسانیت کی خدمت ہمارا فرض ہے، الحمد للہ حکومت کی ذمہ داری ہے۔ اس موقع پر محمد زاہد نے وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ وزیر اعلیٰ عوام کے دکھ درد کو سمجھنے اور مشکل وقت میں ان کا ساتھ دینے والے مخلص وزیر اعلیٰ ہیں۔

سے محروم کوئٹہ کے شہری محمد زاہد سے ملاقات کے دوران کیا۔ وزیر اعلیٰ نے محمد زاہد کی مالی معاونت کی اور ان کی آنکھوں کے علاج اور بینائی کی بحالی کے لیے مکمل تعاون کی یقین بقیہ 3 صفحہ 6 پر



کوئٹہ، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کو ایریہ شیریں خان سری، روائتی بلوچی چھڑی پیش کر رہے ہیں



کوئٹہ، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے رحیم خان بگٹی اور رابین خان بگٹی ملاقات کر رہے ہیں

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No.

Dated: 07 NOV 2026 Page No. 11

شہریوں کی جان ومال کے تحفظ کو یقینی بنایا جائے گا' ضیا لانگو

قلعہ عبداللہ میں دھرنے سے خطاب' عوام کو تنہا نہیں چھوڑیں گے' ارکان اسمبلی

کوئٹہ (این این آئی) معاون برائے داخلہ بابر یوسفزئی کے مطابق وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی ہدایت پر حکومتی وفد گزشتہ رات گئے قلعہ عبداللہ پہنچا تھا جہاں مظاہرین کے ساتھ مذاکرات کیے گئے۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان لمحہ بہ لمحہ مذاکرات کی صورتحال سے آگاہی اور بریفنگ لیتے رہے۔ اس موقع پر وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو نے کہا کہ وزیر اعلیٰ کی ہدایات پر وہ اپنے بھائیوں کے دکھ اور غم میں شریک ہونے کے لیے قلعہ عبداللہ پہنچے ہیں۔ تمام شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنایا جائے گا حکومت بلوچستان اس لا حاصل جنگ میں اپنی عوام کے ساتھ کھڑی ہے اور بھارت کی پراکسیز کے تمام ناپاک عزائم خاک میں ملا دیے جائیں گے۔ صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے کہا کہ مظاہرین کے تمام مطالبات خوش اسلوبی سے حل کر دیے گئے ہیں۔ مظاہرین سے کیے گئے وعدوں کو پورا کرنا صوبائی حکومت کی ذمہ داری ہے۔ رکن صوبائی اسمبلی اسفند یار کاکڑ نے کہا کہ عوام کی جان و مال کا تحفظ حکومت کی اولین ترجیح ہے۔

30 ہزار نوجوانوں کو بیرون ملک روزگار فراہم کریں گے، ظہور بلیدی

16 ارب روپے کے یوتھ پروگرام سے کاروبار کے مواقع پیدا ہوں گے، صحافیوں سے گفتگو

تربت (نامہ نگار) صوبائی وزیر منصوبہ بندی و ترقیات میر ظہور احمد بلیدی نے کہا ہے کہ حکومت تعلیم، صحت، نوجوانوں کے روزگار، زراعت اور انفراسٹرکچر کی ترقی کو اولین ترجیحات میں شامل کیے ہوئے ہے۔ صوبے میں ساڑھے 14 ہزار اساتذہ بھرتی کیے گئے ہیں، جبکہ 30 ہزار نوجوانوں کو فنی تربیت فراہم کر کے بیرون ملک روزگار کے مواقع دینے کا منصوبہ بنایا گیا ہے۔ نوجوانوں کو معاشی طور پر خود مختار بنانے کے لیے 16 ارب روپے کا یوتھ پروگرام بھی شروع کیا گیا ہے، جس کے تحت چھوٹے کاروبار کے لیے قرضے، فنی تربیت اور روزگار کے مواقع فراہم کیے جائیں گے صوبائی وزیر نے تربت پریس کلب کے پروگرام "گند وتند" میں اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ 16 ارب روپے کے یوتھ پروگرام کے تحت نوجوانوں کو چھوٹے کاروبار شروع کرنے کے لیے مالی معاونت، پیشہ ورانہ تربیت اور روزگار کے نئے مواقع فراہم کیے جائیں گے۔ زراعت، سڑکوں کی تعمیر اور دیگر بنیادی شعبوں میں بھی ترقیاتی منصوبوں پر کام جاری ہے۔ اس موقع پر تربت پریس کلب کے صدر حافظ صلاح الدین سلفی نے پریس کلب کے لیے 20 لاکھ روپے کی باقاعدہ گرانٹ جاری کرانے پر صوبائی وزیر کا شکریہ ادا کیا۔

آئی ٹی علوم سے آگاہی وقت کی اہم ضرورت ہے' سردار کوہ یار ڈومکی

جدید لیب کے قیام سے طلبا کو تعلیم کے بہتر مواقع میسر آئیں گے' افتتاحی تقریب سے خطاب

بختیار آباد ڈومکی (خ ن) صوبائی وزیر انڈسٹریز اینڈ کامرس سردار کوہیار خان ڈومکی نے گورنمنٹ بوائز ہائی اسکول بختیار آباد ڈومکی میں جدید آئی ٹی لیب کا باقاعدہ افتتاح کیا اس موقع پر میر سیف اللہ خان ڈومکی، ایم ایس بی ڈاکٹر جہانزیب مگسی، ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر لیاقت علی لغاری، ڈسٹرکٹ کوآرڈینیٹر سعید احمد سیلاچی، یوسی چیئرمین بختیار آباد اکبر سوگی ہیڈ ماسٹر حاجی خان اور نبی بخش ڈومکی بھی ان کے ہمراہ تھے صوبائی وزیر نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ جدید آئی ٹی لیب کے قیام سے طلبہ کو جدید ٹیکنالوجی اور کمپیوٹر کی تعلیم کے بہتر مواقع میسر آئیں گے۔ آج کے دور میں تعلیم کے ساتھ ساتھ جدید سائنسی اور آئی ٹی علوم سے آگاہی بھی وقت کی اہم ضرورت ہے۔ ہمارا مقصد نوجوان نسل کو جدید تعلیم سے آراستہ کرنا اور انہیں مستقبل کے چیلنجز کا مقابلہ کرنے کے قابل بنانا ہے۔

INTEKHAB QUETTA

ایف ڈبلیو او کی بلوچستان کیلئے گرانقدر خدمات ہیں' ظہور بلیدی

وزیر اعلیٰ کا بیان سیاق و سباق سے ہٹ کر پیش کیا گیا' صوبائی وزیر کی تربت پریس کلب میں گفتگو

تربت (نمائندہ انتخاب) صوبائی وزیر منصوبہ بندی و ترقیات میر ظہور احمد بلیدی نے کہا ہے کہ ایف ڈبلیو او سے متعلق وزیر اعلیٰ کے بیان کو سیاق و سباق سے ہٹ کر پیش کیا گیا، ایف

بقیہ نمبر 42 صفحہ 5 پر

ڈبلیو او نے بلوچستان میں شاہراہوں کی تعمیر کیلئے گرانقدر خدمات انجام دیں جس کا واضح ثبوت این 85 ہوشاپ پنجگور سوراب شاہراہ ہے جس کی تعمیر میں 39 جوانوں کی شہادت شامل ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے تربت پریس کلب میں گند وتند پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے کیا، قبل ازیں تربت پریس کلب کے صدر حافظ صلاح الدین سلفی سمیت دیگر صحافیوں نے پریس کلب پہنچنے پر ان کا خیر مقدم کیا، ظہور احمد بلیدی نے کہا کہ بلوچستان حکومت تعلیم، صحت، نوجوانوں کے روزگار، زراعت اور انفراسٹرکچر کی ترقی کو ترجیح دے رہی ہے، حکومت نے صوبے میں ساڑھے 14 ہزار اساتذہ بھرتی کیے جبکہ 30 ہزار نوجوانوں کو فنی تربیت فراہم کر کے بیرون ملک روزگار کے لیے بھیجنے کا منصوبہ بنایا گیا جبکہ تعلیمی معیار کی بہتری کے لیے اسکولوں میں کیمسٹری، فزکس، بائیولوجی اور انگریزی کے سبجیکٹ اسپیشلسٹ تعینات کیے جا رہے ہیں، صحت کے شعبے میں اصلاحات اور سہولیات کی بہتری کے لیے بھی اقدامات جاری ہیں، انہوں نے کہا کہ حکومت نوجوانوں پر خصوصی توجہ دے رہی ہے اس مقصد کیلئے 16 ارب روپے کا یوتھ پروگرام شروع کیا گیا جس کے تحت چھوٹے کاروبار کے لیے قرضوں، فنی تربیت اور روزگار کے مواقع فراہم کیے جائیں گے، اس کے علاوہ زراعت، سڑکوں کی تعمیر اور دیگر شعبوں میں بھی ترقیاتی منصوبوں پر کام جاری ہے، صوبائی وزیر نے کہا کہ ان کے حلقہ انتخاب میں متعدد بڑے ترقیاتی منصوبے تکمیل کے آخری مراحل میں ہیں، کیچ میں گرین بس سروس کا آغاز بھی ان کی کوششوں سے ممکن ہوا جس سے بالخصوص غریب اور متوسط طبقے کو آمد و رفت کی سہولت میسر آئی، ظہور بلیدی نے کہا کہ وزیر اعلیٰ کے ایک بیان کو سیاق و سباق سے ہٹ کر پیش کیا گیا ایف ڈبلیو او کی کارکردگی کے حوالے سے ان کا کہنا تھا کہ بلوچستان میں مجموعی طور پر ادارے کی کارکردگی اچھی رہی ہے، این 85 شاہراہ کی تعمیر کے دوران 39 افراد نے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا جن کی قربانیوں کو فراموش نہیں کیا جا سکتا، انہوں نے قوم پرستی کی سیاست کرنے والوں پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ یہ قوم پرست بلوچستان کی ترقی نہیں چاہتے، ماضی میں بھی جب بھی بلوچستان میں کوئی اہم ترقیاتی منصوبہ شروع ہوتا تو یہ منفی پالیسی کے ذریعے اسے سبوتاژ کرنے کی کوشش کرتے رہے، جب اٹھارویں ترمیم کے حوالے سے بھی یہ منفی پروپیگنڈہ کرتے رہے، سی پیک جیسے گیم چینجر منصوبے کے خلاف بھی یہ اپنی سیاست چمکانے کی کوشش کرتے رہے، گوادر پورٹ، میرانی ڈیم، سبکزئی ڈیم اور سیندک بلوچستان ہمیشہ ان کے نشانے پر رہے ہیں۔ اس موقع پر حافظ صلاح الدین سلفی نے پریس کلب کے لیے 20 لاکھ روپے کی ریگولر گرانٹ جاری کرانے پر ظہور احمد بلیدی کا شکریہ ادا کیا، انہوں نے مطالبہ کیا کہ پریس کلب کی ضروریات کو مد نظر رکھتے ہوئے ریگولر گرانٹ بڑھا کر 50 لاکھ روپے کی جائے، جبکہ صحافیوں کے لیے جرنلسٹس ہاؤسنگ اسکیم کی منظوری کے سلسلے میں بھی تعاون کیا جائے۔

MASHRIQ QUETTA

شعبہ صحت میں بہتری حکومت کی اولین ترجیح ہے' بخت کاکڑ

سرکاری ہسپتالوں میں ادویات کی دستیابی پر توجہ دے رہے ہیں' صوبائی وزیر صحت

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزیر صحت بلوچستان بخت محمد کاکڑ نے کہا ہے کہ صوبائی حکومت عوام کو معیاری طبی سہولیات کی فراہمی، سرکاری ہسپتالوں کی بہتری اور علاج معالجے کے نظام کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ بنانے کیلئے سنجیدہ اقدامات کر رہی ہے۔.........

بقیہ 37 صفحہ نمبر 7 پر

صحت کا شعبہ براہ راست عوام کی زندگیوں سے وابستہ ہے، اس لئے اس شعبے میں بہتری لانا حکومت کی اہم ترجیحات میں شامل ہے۔ یہ بات انہوں نے مختلف وفود سے بات چیت کرتے ہوئے کہی انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں صوبے کے سرکاری ہسپتالوں میں طبی سہولیات کی بہتری، جدید طبی آلات کی فراہمی، ڈاکٹروں اور طبی عملے کی کارکردگی میں بہتری اور مریضوں کو بہتر ماحول فراہم کرنے کے لیے اقدامات کیے جا رہے ہیں۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA


Bullet No. _____ Dated: 07 NOV 2026 Page No. 12

پی ٹی آئی مولانا فضل الرحمن دہشت گردوں بشارت اور افغانستان سے لڑتے رہیں گے تو ملکی مسائل کب حل کریں گے

بلوچستان حکومت کو مرکز سے تعاون نہیں مل رہا

وفاق سب سے نہ لڑے بات چیت کرے بلوچستان کا بجٹ

ملک کو دہشتگردی اور معاشی مشکلات سے نجات دلانے کیلئے تمام سیاسی جماعتیں آپس کے اختلافات ختم کرکے مل بیٹھیں، وفاقی حکومت تمام اسٹیک ہولڈرز سے رابطہ کرے، پی ٹی آئی کو اعتماد میں لیکر مشاورت کی دعوت دے، صوبائی حکومت کی جانب سے بلوچستان کو جس قدر فنڈز ملنا چاہیے وہ نہیں مل رہا، ایک مرتبہ پھر کہتے ہیں کہ ہماری شکایت دور کی جائے، مسائل پارلیمنٹ کے ذریعے حل کئے جائیں، پی ٹی آئی کا دھرنے میں استعمال کا مقصد حاصل ہوگیا، اب دھرنے کی ضرورت نہیں، سرفراز بگٹی



CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 07 NOV 2026

Page No. 13

تعلیم صوبے کی ترقی و نوجوان نسل کے روشن مستقبل کی بنیاد ہے، چیف سیکرٹری

ژوب، قلعہ سیف اللہ، راڑہ شم، صحبت پور، خضدار، بیکڑ اور سیوی میں دانش سکولوں کا قیام عمل میں لایا جارہا ہے، شکیل قادر خان

سکولوں کی تعمیر کے کام میں تیزی اور تمام منصوبے مقررہ وقت و معیار کے مطابق مکمل کئے جائیں، افسران کو ہدایت

ہر بچے کو جدید تعلیمی ماحول فراہم کرنا حکومت کی اولین ذمہ داری ہے، دانش سکولوں کے حوالے سے منعقدہ اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (خ ن) چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کی زیر صدارت صوبے میں دانش سکولوں کے قیام سے متعلق اہم اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں متعلقہ اضلاع میں سکولوں کی تعمیر میں ہونے والی پیشرفت کا تفصیلی..... بقیہ 50 صفحہ نمبر 7 پر

جائزہ لیا گیا۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے چیف سیکرٹری نے کہا کہ تعلیم صوبے کی ترقی اور نوجوان نسل کے روشن مستقبل کی بنیاد ہے انہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ سکولوں کی تعمیر کے کام میں تیزی لائی جائے اور تمام منصوبے مقررہ وقت اور معیار کے مطابق مکمل کئے جائیں انہوں نے زور دیا کہ سکولوں کے قیام کے ساتھ ہی اساتذہ اور دیگر عملے کی تعیناتی کیلئے اشتہارات جاری کئے جائیں۔

INTEKHAB QUETTA

تعلیم صوبے کی ترقی و نوجوان نسل کے روشن مستقبل کی بنیاد ہے، چیف سیکرٹری

دانش اسکول کے قیام کی پیشرفت کا جائزہ اجلاس

سکولوں کی تعمیر کے کام میں تیزی اور منصوبے مقررہ وقت پر مکمل کئے جائیں، شکیل قادر کی اساتذہ و دیگر عملے کی تعیناتی کیلئے اشتہارات جاری کرنیکی ہدایت

کوئٹہ (خ ن) چیف سیکرٹری شکیل قادر خان کی زیر صدارت صوبے میں دانش سکولوں کے قیام سے متعلق اجلاس ہوا۔ اجلاس میں متعلقہ اضلاع میں سکولوں کی تعمیر میں ہونے والی پیشرفت کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے چیف سیکرٹری نے کہا کہ تعلیم صوبے کی ترقی اور نوجوان نسل کے روشن مستقبل کی بنیاد ہے۔ انہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ سکولوں کی تعمیر کے کام میں تیزی لائی جائے اور تمام منصوبے مقررہ بقیہ نمبر 49 صفحہ 5 پر

وقت اور معیار کے مطابق مکمل کئے جائیں۔ انہوں نے زور دیا کہ سکولوں کے قیام کے ساتھ ہی اساتذہ اور دیگر عملے کی تعیناتی کے لئے اشتہارات جاری کئے جائیں تاکہ تعمیر مکمل ہوتے ہی بچوں کو تعلیمی سہولت فراہم کی جاسکے اور کسی قسم کا وقت ضائع نہ ہو۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ ژوب، قلعہ سیف اللہ، راڑہ شم، صحبت پور، خضدار، بیکڑ اور سیوی میں دانش سکولوں کا قیام عمل میں لایا جارہا ہے۔ چیف سیکرٹری نے متعلقہ ڈپٹی کمشنرز اور محکمہ تعلیم کے حکام کو ہدایت کی کہ تعمیراتی کام کی نگرانی کی جائے اور رکاوٹوں کا فوری ازالہ کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت دور دراز اور پسماندہ علاقوں میں معیاری تعلیم تک بچوں کی رسائی کو یقینی بنانے کے لئے عملی اقدامات کر رہی ہے۔ چیف سیکرٹری نے کہا کہ ہر بچے کو محفوظ، باوقار اور جدید تعلیمی ماحول فراہم کرنا حکومت کی اولین ذمہ داری ہے۔ اجلاس میں ایڈیشنل چیف سیکرٹری ترقیات زاہد سلیم، سیکرٹری سکولز لعل جان دھنر اور متعلقہ سینئر افسران نے شرکت کی۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 07 NOV 2026

Page No. 14

بلوچستان کے حالات پر اے پی سی 19 نومبر کو ہڑتال کا اعلان

اصغر خان اچکزئی نے صدارت کی، بدامنی اور سیاسی رہنماؤں کی کردار کشی کی مذمت، 26 نومبر کو صوبائی سربراہی اجلاس بلا

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) اے این پی کے زیر اہتمام کوئٹہ پریس کلب میں صوبے کی سیاسی، معاشی اور امن و امان کی صورتحال پر آل پارٹیز کانفرنس صوبائی صدر اصغر خان اچکزئی کی زیر صدارت ہوئی جس میں نیشنل پارٹی کے سیکرٹری جنرل سابق سینیٹر میر کبیر احمد محمد شہی، جمعیت کے صوبائی سینئر نائب امیر مولوی کمال الدین، پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے صوبائی صدر نصر اللہ خان زیرے، بی این پی کے مرکزی لیبر سیکرٹری مولیٰ بلوچ، جمعیت نظریاتی کے امیر مولانا عبدالقادر لونی، ہزارہ ڈیموکریٹک پارٹی کے مرکزی سیکرٹری جنرل احمد یوسفزاد، نیشنل ڈیموکریٹک موومنٹ کے صوبائی جنرل سیکرٹری انجینئر اسمٰعیل خان ناصر، پاکستان تحریک انصاف کے عبدالحکیم ایڈووکیٹ، جماعت اسلامی کے ڈپٹی سیکرٹری عبدالحمید منصوری اور مرکزی انجمن تاجران کے رہنما رحیم کاکڑ نے شرکت کی۔ کانفرنس کے مشترکہ اعلامیہ میں صوبے کی مجموعی صورتحال کو انتہائی سنگین، تشویشناک اور ناقابل قبول قرار دیتے ہوئے کہا گیا کہ صوبہ ایسے سنگین بحرانوں سے دوچار ہے جس نے عوام کی زندگی اجیرن بنا دی ہے، امن و امان کی مسلسل بگڑتی صورتحال، دہشت گردی، اغوا برائے تاوان، قومی شاہراہوں پر ٹرانسپورٹروں اور مسافروں کو درپیش مشکلات، قومی وسائل کی بے دریغ لوٹ مار، لاپتہ افراد کا مسئلہ، بے روزگاری اور معاشی بدحالی نے صوبے کے مستقبل کو سنگین خطرات سے دوچار کر دیا ہے۔ اعلامیے میں کہا گیا کہ، مہنگائی، بجلی و گیس کے طویل لوڈشیڈنگ، پٹرولیم لیوی، یوریا کھاد سمیت دیگر پر بالواسطہ ٹیکسوں نے زراعت، تجارت صنعت اور روزگار کے تمام شعبوں کو شدید متاثر کیا ہے عوام ایک طرف بدامنی اور بدترین تحفظ کا شکار ہیں تو دوسری جانب معاشی بدحالی نے عوام کی قوت خرید کو بھی بری طرح متاثر کیا ہے۔ اعلامیے میں حکومت کی کارکردگی کو تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا گیا کہ عوام کی جان و مال کے تحفظ، امن و امان کے قیام اور وسائل کے دفاع اور معاشی سرگرمیوں کی بحالی میں حکومتی ناکامی محض انتظامی کوتاہی نہیں بلکہ انتہائی سنگین سیاسی و حکومتی بحران کی عکاس ہے، مجرموں کو بے یار و مددگار چھوڑ کر حکومتی ذمہ داریوں سے پہلوتہی کی صورت قابل قبول نہیں۔ اعلامیہ میں اے این پی کے مرکزی صدر سینیٹر ایمل ولی خان، جمعیت کے سربراہ مولانا فضل الرحمن سمیت ملک کی دیگر قوتی، سیاسی قیادت کے خلاف ہرزہ سرائی ان کی کردار کشی اور سیاسی پراغرال پر مبنی شرمناک تشویشناک کا اظہار کرتے ہوئے کہا گیا کہ سیاسی آوازوں کو دبانے کی کوشش، جمہوری اقدار، سیاسی رواداری اور آزادانہ اظہار کے میدان میں سیاسی انتشار کو انتہائی اہم اور کردار کشی میں تبدیل کرنا قابل مذمت ہے۔ کل جماعتی اے پی سی میں مشترکہ سیاسی و جمہوری جدوجہد کو عملی شکل دینے کا فیصلہ کرتے ہوئے اعلان کیا گیا ہے کہ 19 نومبر کو صوبہ بھر میں مکمل شٹر ڈاؤن کیا جائے گا، اسی روز تمام سیاسی کارکنان گرفتاریاں دیں گے، 26 نومبر کو پریس کلبوں کے سامنے احتجاجی مظاہرے کیے جائیں گے۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ 26 نومبر کو جمعیت کے صوبائی دفتر میں آل پارٹیز صوبائی سربراہی اجلاس ہوگا۔

PAC اجلاس محکمہ صلات و تعمیرات کے 13 ارب 24 کروڑ روپے لیپس ہونے پر تشویش کا اظہار

پروجیکٹ ڈائریکٹرز کے نظام پر تحفظات، چیئرمین اصغر علی ترین، کچھی پلین اسکیم سمیت مختلف منصوبوں کے آڈٹ کا حکم

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کا اجلاس چیئرمین اصغر علی ترین کی زیر صدارت ہوا جس میں کمیٹی اراکین ولی محمد نورزئی، رحمت صالح بلوچ، انجینئر زمرک خان اچکزئی، فضل قادر مندوخیل، میر محمد خان لہڑی، غلام دستگیر بادینی، ڈائریکٹر جنرل آڈٹ شجاع علی، ایڈیشنل اکاؤنٹنٹ جنرل بلوچستان نورالحق، سیکرٹری سی اینڈ ڈبلیو بابر خان، اسپیشل سیکرٹری پی اے سی سراج لہڑی، ایڈیشنل سیکرٹری قانون سعید اقبال بزدار، سی اینڈ ڈبلیو کے چیف انجینئرز، چیف انجینئرز، اکاؤنٹس آفیسرز اور دیگر حکام شریک ہوئے۔ اجلاس میں محکمہ مواصلات و تعمیرات کے مالیاتی اور آڈٹ معاملات کا جائزہ لیا گیا۔

بلوچستان کے حالات، دل خون کے آنسو روتا ہے، جسٹس جمال مندوخیل

امن کی بحالی صرف حکومت کی ذمہ داری نہیں ہر شہری کو غور کرنا ہوگا، کوئٹہ میں عشائیے سے خطاب

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) سپریم کورٹ آف پاکستان کے جج جسٹس جمال خان مندوخیل نے کہا ہے کہ بلوچستان کے موجودہ حالات دیکھ کر دل خون کے آنسو روتا ہے صوبے میں امن کی بحالی کے لئے سب کو مل بیٹھ کر غور کرنا ہوگا ان خیالات کا اظہار انہوں نے بلوچستان بار کونسل کی جانب سے اپنے اعزاز میں دیئے گئے عشائیے کے موقع پر خطاب کرتے ہوئے کیا۔ تقریب میں جسٹس نعیم اختر افغان، جسٹس محمد ہاشم خان کاکڑ، بلوچستان ہائی کورٹ کے جسٹس اقبال احمد کاسی، جسٹس گل حسن ترین، جسٹس اللہ داد روشان اور جسٹس عبدالقیوم لہڑی بھی موجود تھے۔ شرکا جسٹس اقبال احمد کاسی، بلوچستان بار کونسل کے ممبر منیر احمد خان کاکڑ، بلوچستان ہائی کورٹ بار کے جنرل سیکرٹری نجیب الدین آغا، محمد انیس حریال، محمد ایاز مندوخیل، فضل بنگل نے بھی خطاب کیا۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 07 NOV 2026

Page No. 5

بلوچستان پولیس اور نادرا میں ڈیجیٹل پولیسنگ کا معاہدہ طے پا گیا

بائیومیٹرک تصدیق اور فارنزک شناخت کی جدید سہولیات فراہم کی جائیں گی

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) بلوچستان پولیس اور نادرا کے درمیان جدید ڈیجیٹل شناختی و بائیومیٹرک سروسز کے حصول اور ادارہ جاتی تعاون کے فروغ کے لیے معاہدے پر دستخط ہو گئے۔ معاہدے کے موقع پر آئی جی پولیس بلوچستان محمد طاہر، ڈی جی نادرا کیپٹل جہانگیر، ایڈیشنل آئی جی آپریشنز شہزاد اکبر، ایڈیشنل آئی جی ایڈمن جاوید مہر، ڈی آئی جی ایڈوکیٹ جنرل بلوچستان ظاہر جلالدین، ڈی آئی جی ہیڈ وزیر خان ناصر اور دیگر حکام موجود تھے۔ معاہدے کے تحت نادرا بلوچستان پولیس کو بائیومیٹرک ویری فکیشن سسٹم، نادرا فارنزک انگوزیشن انیلی ٹکس اور پاک آئی ڈی انٹرپریٹیشن کی سہولیات فراہم کرے گا۔ پولیس خدمت مراکز کے انٹیگریٹڈ پلیٹ فارم پر پاک آئی ڈی موبائل ایپ کے ذریعے شہریوں کی بائیومیٹرک تصدیق، شناختی کارڈ اور انٹیگریٹڈ شناختی کارڈ کی تصدیق ممکن ہو گی۔

کوئٹہ میٹروپولیٹن میں بھرتیوں کی انگوائری شروع

کوئٹہ (این این آئی) ڈائریکٹوریٹ آف انگوائریز اینڈ اینٹی کرپشن اسٹیبلشمنٹ بلوچستان نے کوئٹہ میٹروپولیٹن کارپوریشن میں 2015 سے اب تک ہونے والی مبینہ غیر قانونی بھرتیوں کی باقاعدہ انگوائری شروع کرتے ہوئے ایڈمنسٹریٹر سے اہم ریکارڈ اور دستاویزات طلب کر لیں مراسلے میں ایڈمنسٹریٹر کو ہدایت کی گئی ہے کہ مطلوبہ مصدقہ ریکارڈ سات روز کے اندر فراہم کیا جائے۔

جیل ملازمین کے کوارٹرز اور بیرکس کی بہتری کیلئے 35 کروڑ روپے منظور

بلوچستان کی 12 جیلوں میں تعمیر و مرمت کا منصوبہ دو ماہ میں نامکمل ہونے پر شروع ہو گا، محکمہ جیل

کوئٹہ (این این آئی) حکومت بلوچستان نے محکمہ جیل کے ملازمین کے رہائشی کوارٹرز اور قیدیوں کی بیرکس کی حالت بہتر بنانے کیلئے 35 کروڑ روپے کے فنڈز کی منظوری دے دی، رقم ملنے کے بعد منصوبے پر کام شروع کر دیا جائے گا۔ محکمہ جیل کے حکام کے مطابق صوبے کی 12 جیلوں میں تعینات اہلکاروں کے رہائشی کوارٹرز دور میں قیدیوں کی گئی تھیں، جن کے باعث ملازمین کے رہائشی کوارٹرز اور بارکس کی حالت خراب ہو گئی تھی۔ آئی جی جیل بلوچستان کیپٹن (ر) عاصم خان کی درخواست پر وزیر اعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی نے محکمہ جیل کیلئے مزید نامکمل 35 کروڑ روپے کے فنڈز کی منظوری دی ہے۔

بلوچستان، پولیس وردی میں ویڈیوز بنانے پر پابندی عائد

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) ڈی آئی جی عمران شوکت نے کہا ہے کہ پولیس افسران اور اہلکاروں کی جانب سے پبلک یونیفارم، سرکاری موبائل فون، اسلحہ، وائرلیس اور سرکاری عمارتوں میں بنائے گئے سمیت دیگر سوشل میڈیا پلیٹ فارمز کے لیے ویڈیوز بنانے پر پابندی عائد کر دی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پولیس افسران اور اہلکاروں کی بھی ذاتی زندگی ہوتی ہے اور اگر کوئی اہلکار سول کپڑوں میں اپنا ذاتی سوشل میڈیا اکاؤنٹ بناتا ہے تو اس پر کوئی اعتراض نہیں، انہوں نے واضح کیا کہ پابندی کی خلاف ورزی کرنے والے پولیس افسران اور اہلکاروں کے خلاف سخت محکمانہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

علامہ اقبال کا یوم ولادت، بلوچستان میں 9 نومبر کو عام تعطیل کا اعلان

کوئٹہ (خ ن) حکومت بلوچستان نے شاعر مشرق علامہ محمد اقبال کے یوم ولادت کے موقع پر 9 نومبر بروز پیر کو صوبے بھر میں عام تعطیل کا اعلان کیا ہے۔ محکمہ سروسز اینڈ جنرل ایڈمنسٹریشن (ایڈمن ونگ) کی جانب سے جاری اعلامیے کے مطابق 9 نومبر صوبے بھر کے تمام سرکاری دفاتر اور متعلقہ ادارے بند رہیں گے۔

بلوچستان میں نئے اسلحہ لائسنس کے اجرا پر پابندی ختم

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) محکمہ داخلہ نے بلوچستان بھر میں نئے کمپیوٹرائزڈ فیوچر محفوظ بور اسلحہ لائسنس کے اجرا پر عائد پابندی فوری طور پر ختم کر دی ہے۔ محکمہ داخلہ کے آرڈیننس کی جانب سے 26 اکتوبر کو جاری کردہ حکم نامے کے مطابق یہ فیصلہ سابقہ حکم نامے 15 جولائی 2026 میں کی اور وزیر داخلہ بلوچستان کی ذاتی منظوری کے بعد کیا گیا ہے۔ نئے اقدامات کا اطلاق صوبے بھر میں فوری طور پر ہوگا اور یہ آئندہ احکامات تک برقرار رہیں گے۔ متعلقہ لائسنسنگ حکام کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ اسلحہ لائسنس کے اجرا کے عمل کو مکمل شفافیت کے ساتھ یقینی بنائیں اور کمپیوٹرائزڈ لائسنسنگ سسٹم کے ذریعے تمام درخواستوں کا اندراج کریں۔ حکم نامے میں واضح کیا گیا ہے کہ نئے لائسنس کے حصول کے لیے کسی بھی ذاتی (پرسنل) درخواست پر لائسنسوں کی کارروائی کی اجازت نہیں ہوگی۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 3

Dated: 07 NOV 2026 Page No. 17

طالبات جدید تعلیم اور فنی مہارتوں پر توجہ دیں، مولانا ہدایت الرحمن

بلوچستان کے نوجوانوں کو جدید فنی اور ڈیجیٹل مہارتوں سے آراستہ کرنے کیلئے کوششیں جاری رکھیں گے، امیر جماعت اسلامی

رکن صوبائی اسمبلی کا الخدمت "بنو قابل پروگرام" گوادر سینٹر کا دورہ، زیر تربیت طالبات سے ملاقات میں گفتگو

کوئٹہ (آن لائن) امیر جماعت اسلامی بلوچستان و رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے کہا ہے کہ نوجوان بالخصوص طالبات جدید تعلیم، ڈیجیٹل ٹیکنالوجی اور فنی مہارتوں کے حصول پر خصوصی توجہ دیں تاکہ وہ باعزت روزگار حاصل کرکے معاشی طور پر خودکفیل بن سکیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے جماعت اسلامی، الخدمت بنو قابل پروگرام گوادر سینٹر کے دورے کے موقع پر کیا جہاں انہوں نے زیر تربیت طالبات سے ملاقات کی اور ان کی حوصلہ افزائی کی اس موقع پر کیمپس ایڈمن حماد رحیم نے تجویز پیش کی کہ بنو قابل پروگرام ..... بقیہ 43 صفحہ نمبر 7 پر

کے تحت نمایاں کارکردگی دکھانے والے گوادر کے فارغ التحصیل طلبہ و طالبات میں میرٹ کی بنیاد پر لیپ ٹاپ تقسیم کرنے کی اسکیم متعارف کرائی جائے تاکہ نوجوان اپنی ڈیجیٹل مہارتوں کو عملی میدان میں استعمال کرتے ہوئے روزگار اور خود روزگاری کے مواقع حاصل کرسکیں۔

بلوچستان کے عوام بنیادی حقوق سے محروم ہیں، امیر جماعت اسلامی کوئٹہ

15 نومبر کو مہنگائی، قیام امن کیلئے جلسہ عام سے حافظ نعیم الرحمن خصوصی خطاب کریں گے، حافظ نور علی

ضلعی و زونل ذمہ داران جلسے کی کامیابی کے لیے منصوبہ بندی، گھر گھر جا کر عوام سے رابطے کریں، خطاب

کوئٹہ (آن لائن) امیر جماعت اسلامی کوئٹہ مولانا حافظ نور علی نے کہا کہ 15 نومبر کو کوئٹہ میں مولانا ہدایت الرحمن بلوچ کی قیادت میں بدامنی اور مہنگائی کے خلاف اور امن کے قیام کے لیے تاریخی جلسہ عام ہوگا، جس سے مرکزی امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن خصوصی خطاب کریں گے۔ انہوں نے کوئٹہ کے شہریوں اور عوام کو جلسہ عام میں بھرپور شرکت کی دعوت دیتے ہوئے کہا کہ ضلعی و زونل ذمہ داران جلسے کی کامیابی کے لیے منصوبہ بندی کریں اور گھر گھر جا کر عوام سے رابطے کریں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جلسہ عام کی تیاریوں کے سلسلے میں کوئٹہ کے مختلف زونز کے دوروں کے دوران کارنر میٹنگز، اجلاسوں اور تقریبات سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے عوام بنیادی حقوق سے محروم ہیں جان و مال غیر محفوظ ہیں، تجارت، روزگار، کاروبار، شاہراہیں اور بارڈرز بندشوں کا شکار ہیں جبکہ تعلیم اور صحت کی سہولیات بھی ناپید ہیں جس کے باعث عوام شدید پریشانی سے دوچار ہیں۔ جماعت اسلامی عوام کی آواز بن کر ہر فورم پر ان کے جائز حقوق کے حصول اور ظلم و ناانصافی کے خاتمے کے لیے جدوجہد جاری رکھے گی۔ مولانا حافظ نور علی نے کہا کہ 15 نومبر کے جلسہ عام کے لیے تمام ذمہ داران اور کارکنان متحرک و فعال رہیں اور شہریوں، علمائے کرام، سول سوسائٹی سمیت ہر طبقہ فکر سے رابطہ کرکے انہیں جلسے میں شرکت کی دعوت دیں۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 41

Dated: 07 NOV 2026

Page No. 18

خضدار اناری جھال میں فورسز کا آپریشن 2 دہشتگرد ہلاک 2 زخمی

فورسز نے آپریشن ردالفتنہ تھری کے تحت دہشتگردوں کی نقل وحرکت وموجودگی کی اطلاع پر انٹیلی جنس بیسڈ کارروائی کی

دو موٹر سائیکلوں پر سوار دہشت گردوں کو نشانہ بنایا گیا، زخمی ہونیوالے دہشتگرد فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے، ذرائع

کوئٹہ (آن لائن) سیکورٹی فورسز نے آپریشن ردالفتنہ تھری کے تحت دہشت گردوں کی نقل وحرکت کی موجودگی کی اطلاع پر انٹیلی جنس بیسڈ کارروائی کرتے ہوئے 2 دہشتگردوں کو ہلاک اور 2 کو زخمی کردیا جو فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے سیکورٹی ذرائع کے مطابق گزشتہ روز سیکورٹی فورسز نے آپریشن ردالفتنہ تھری کے تحت انٹیلی جنس بیسڈ معلومات پر خضدار کے علاقے اناری جھال میں دہشت گردوں..... بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 پر

کی نقل وحرکت کی اطلاع ملنے پر سیکورٹی فورسز کی جانب سے کارروائی کرتے ہوئے دو موٹر سائیکلوں پر سوار دہشت گردوں کو نشانہ بنایا جس کے نتیجے میں 2 دہشت گرد ہلاک جبکہ 2 زخمی حالت میں فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے جن کی تلاش کا عمل جاری ہے۔

انتظامیہ سے مذاکرات کامیاب میزئی اڈہ میں جاری احتجاجی دھرنا ختم

دھرنا ختم ہونے کے بعد کوئٹہ چمن شاہراہ ہر قسم کی ٹریفک کیلئے بحال، شہداء کی میتیں آبائی علاقے کیلئے روانہ

حکومت احتجاجی دھرنے میں شریک کسی فرد کیخلاف انتقامی کارروائی سے گریز اور عوام کو تحفظ فراہم کرے، سربراہ دھرنا کمیٹی

عوام کے جائز مطالبات کے حل اور شہریوں کے تحفظ کیلئے اپنی ذمہ داریاں پوری کریں گے، ڈی سی قلعہ عبداللہ

قلعہ عبداللہ (خ ن + نامہ نگار) ڈپٹی کمشنر قلعہ عبداللہ منور حسین تمکی، ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر خلیل احمد ہنی اور اسسٹنٹ کمشنر قلعہ عبداللہ و گلستان عرفان احمد خلجی کے ساتھ کامیاب مذاکرات، معطوی نوجوان کی بازیابی اور مطاہرین کے جائز مطالبات حل کرنے کی..... بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 پر

یقین دہانی کے بعد میزئی اڈہ پر جاری احتجاجی دھرنا ختم کرنے کا اعلان کردیا گیا دھرنا ختم ہونے کے بعد کوئٹہ چمن قومی شاہراہ کو ہر قسم کی ٹریفک کیلئے کھول دیا گیا، جس سے کئی روز سے معطل آمدورفت بحال ہوگئی۔ تفصیلات کے مطابق ضلع قلعہ عبداللہ کے علاقے تنگ میزئی میں پیش آنے والے المناک واقعہ، جس میں والد اور بیٹے کو قتل جبکہ ایک نوجوان کو اغوا کیا گیا تھا، کے خلاف مقامی قبائل کی جانب سے میزئی اڈہ پر احتجاجی دھرنا جاری تھا، ضلعی انتظامیہ کی کوششوں، کامیاب مذاکرات اور معطوی نوجوان کی بازیابی کے بعد دھرنا کمیٹی نے اجتماعی مشاورت کے ذریعے احتجاج ختم کرنے کا فیصلہ کیا اس موقع پر دھرنا کمیٹی کے سربراہ حاجی کلیم اللہ کاکڑ نے خطاب کرتے ہوئے واقعہ کے مختلف پہلوؤں اور علاقے کی مجموعی صورتحال پر روشنی ڈالی انہوں نے حکومت اور ضلعی انتظامیہ سے مطالبہ کیا کہ احتجاج میں شریک کسی بھی فرد کے خلاف انتقامی کارروائی نہ کی جائے،

ڈی ایم جمالی، گیارہ ہزار وولٹ کے کھمبے بارودی مواد سے اڑادیئے گئے

بیشتر علاقوں میں بجلی کی فراہمی معطل، واقعہ کی اطلاع پر متعلقہ پولیس موقع پر پہنچ گئی

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ مراد جمالی کے قریب مچھو شوری گریڈ اسٹیشن سے مچھو شوری ربی ون اور ربی ٹو کے علاقوں کو جانے والی بجلی کے گیارہ بازار کھمبوں کو بارودی مواد سے اڑادیا گیا جس سے بیشتر علاقوں میں بجلی کی فراہمی معطل ہوگئی رپورٹ کے مطابق نصیر آباد کے علاقے مچھو شوری پولیس تھانے کی حدود گریڈ اسٹیشن مچھو شوری سے مچھو شوری ..... بقیہ 60 صفحہ نمبر 7 پر

ربی ون ربی ٹو و دیگر علاقوں کو بجلی کی مین سپلائی کے گیارہ ہزار کے وی کے دو کھمبوں کو گوٹھ میر ارسلان خان کے قریب نامعلوم مسلح افراد نے دھماکہ خیز مواد سے اڑادیا گیا جس سے بیشتر علاقوں میں بجلی کی فراہمی معطل ہوگئی واقعہ کی اطلاع پر متعلقہ پولیس موقع پر پہنچ گئی پولیس نے علاقے کی ناکہ بندی کرکے تحقیقات شروع کردی۔

ڈی ایم جمالی، بلوچستان و سندھ پولیس کا آپریشن

دو دا پور اوستہ محمد گرمی خیرو کے کئی علاقوں کا محاصرہ، گھر گھر تلاشی، درجنوں افراد گرفتار

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) بلوچستان اور سندھ پولیس کا سرحدی علاقوں میں جرائم پیشہ افراد کے خلاف گرینڈ آپریشن دو دا پور اوستہ محمد گرمی خیرو کے کئی علاقوں کا محاصرہ گھر گھر تلاشی درجنوں افراد کو حراست میں لیکر بھاری مقدار میں اسلحہ گولہ بارود برامد کرلیا گیا ..... بقیہ 74 صفحہ نمبر 7 پر

کمین گاہوں کو مسمار کردیا گیا۔ پولیس کے مطابق سندھ اور بلوچستان پولیس نے سندھ و بلوچستان کے سرحدی علاقوں میں ڈکیت، راہزن لوٹ مار کرنے اور جرائم میں ملوث ملزمان کی گرفتاری کیلئے گرینڈ آپریشن کیا گیا جبکہ آباد دو دا پور پولیس اور بلوچستان پولیس نے مشترکہ طور پر بڑی تعداد 30 سے زیادہ پولیس موبائل گاڑیاں، بکتر بند گاڑیوں سمیت ڈران کی مدد سے گرمی خیرو اوستہ محمد گندا صد دو دا پور سمیت دیگر سرحدی علاقوں میں کامیاب کارروائیاں کرتے ہوئے پورے علاقوں کا محاصرہ کرکے گھر گھر تلاشی لی اس دوران پولیس نے درجنوں جرائم پیشہ اور مشتبہ افراد کو حراست میں لیکر بھاری مقدار میں اسلحہ گولہ بارود مسروقہ موٹر سائیکلوں گاڑیوں کو تحویل میں لے لیا جبکہ ان کی کمین گاہوں کو مسمار کیا گیا پولیس کے مطابق سندھ اور بلوچستان کے علاقوں سے وارداتیں کرکے جرائم پیشہ افراد ان سرحدی علاقوں میں چھپ جاتے تھے اور یہاں پر انکی محفوظ پناہ گاہوں قائم کررکھی تھیں گرفتار ملزمان دو دا پور گرمی خیرو شہداد کوٹ اور جیکب آباد کے تھانوں میں منتقل کردیئے گئے جہاں ان سے تفتیش جاری ہے۔

جب جھاڑیوں سے لاش برآمد

جب (این این آئی) جب چوکی میں جھاڑیوں سے ایک شخص کی لاش برآمد۔ تفصیلات کے مطابق جب پولیس نے جب چوکی میں جھاڑیوں سے نامعلوم شخص کی نعش قبضے میں لیکر ہسپتال پہنچا کر ضروری کارروائی کے بعد شناخت کیلئے ہسپتال کے مردہ خانے میں رکھدی اور مزید کارروائی شروع کردی۔

بی نامعلوم افراد کی فائرنگ سے نوجوان جاں بحق

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) بی میں مسلح افراد کی فائرنگ سے پیلز پارٹی خواتین ونگ کی ضلعی صدر کا بیٹا جاں بحق ہوگیا پولیس کے مطابق صدر پولیس تھانہ بی کی حدود چڑا کارخانہ کے ایریا میں مسلح افراد نے فائرنگ کرکے ایک شخص پیارا خان جمالی کو قتل کردیا اور موقع واردات سے فرار ہوگئے واقعے کی اطلاع پر پولیس جائے وقوع پر پہنچ گئی پولیس نے لاش اپنی تحویل میں لیکر سول ہسپتال بی منتقل کردی پولیس کے مطابق مقتول پیلز پارٹی خواتین ونگ بی کی صدر میڈم زلیخاں جمالی کے صاحبزادے ہیں واقعہ کے بارے میں مزید تحقیقات بی پولیس کررہی ہے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

ڈائریکٹوریٹ اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 5

Dated: 07 NOV 2026

Page No. 19

صوبائی دارالحکومت میں مہنگائی طوفان، عوام گرانفروشوں کے رحم و کرم پر

اشیائے ضروریہ کے من مانے نرخوں نے شہریوں کی مشکلات میں اضافہ کر دیا، متوسط طبقے کیلئے سفید پوشی کا بھرم برقرار رکھنا مشکل

سرکاری نرخنامہ پر عملدرآمد یقینی بنانا انتظامیہ کی ذمہ داری ہے، چیک اینڈ بیلنس کا نظام موثر بنانے کیلئے اقدامات کئے جائیں، شہری

کوئٹہ (اے این این) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں مہنگائی اور گھریلو اخراجات پورے کرنے میں مشکلات کے حوالے سے شہریوں میں تشویش پائی جاتی ہے۔ محدود آمدن والے خاندانوں کے لیے روزمرہ ضروریات پوری کرنا مشکل ہو جاتا ہے، جبکہ عوامی حلقوں نے متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ اشیائے خورونوش کی قیمتوں کو سرکاری نرخ ناموں کے مطابق رکھنے اور ناجائز منافع خوری کی روک تھام کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں۔ تفصیلات کے مطابق آٹا، چینی، گھی، دالیں، سبزیاں، پھل اور دیگر بنیادی اشیائے ضروریہ گھریلو بجٹ کا اہم حصہ ہیں۔ ان اشیا کی قیمتوں میں اضافے یا مقررہ نرخوں سے زائد وصولی کی صورت میں عام صارفین براہ راست متاثر ہوتے ہیں۔ خصوصاً یومیہ اجرت پر کام کرنے والے مزدوروں، کم آمدن والے ملازمین اور محدود وسائل رکھنے والے خاندانوں کے لیے اخراجات میں توازن برقرار رکھنا ایک مشکل مرحلہ بن جاتا ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ بازاروں میں اشیائے ضروریہ کی قیمتوں کی باقاعدہ نگرانی کی جانی چاہیے اور دکانداروں کو سرکاری نرخ ناموں پر عمل درآمد کا پابند بنایا جائے۔ ان کے مطابق صرف نرخ نامے جاری کرنا کافی نہیں بلکہ ان پر عمل درآمد کے لیے باقاعدہ چیکنگ اور خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی بھی ضروری ہے۔ عوامی حلقوں نے ضلعی انتظامیہ اور متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ کوئٹہ کے تمام بڑے بازاروں اور مارکیٹوں میں قیمتوں کی نگرانی کا نظام موثر بنایا جائے، ذخیرہ اندوزی اور ناجائز منافع خوری کی روک تھام کی جائے اور عوام کو مناسب نرخوں پر معیاری اشیائے ضروریہ کی فراہمی یقینی بنائی جائے تاکہ عام شہریوں کو معاشی مشکلات سے کسی حد تک ریلیف مل سکے۔

کوئٹہ کی اہم شاہراہوں پر پارکنگ کے مسائل، شہریوں کو مشکلات

بعض مقامات پر بے ترتیب پارکنگ کے باعث ٹریفک کی روانی متاثر ہے

کوئٹہ (اے این این) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کی اہم شاہراہوں، تجارتی مراکز اور مصروف بازاروں میں ٹریفک کے دباؤ اور پارکنگ کے مسائل کے باعث شہریوں کو آمدورفت میں مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ سڑکوں کے کناروں اور بعض مقامات پر بے ترتیب پارکنگ کے باعث ٹریفک کی روانی متاثر ہونے کی شکایات سامنے آ رہی ہیں، جس سے ملازمین، طلبہ، دکانداروں اور عام شہریوں کو پریشانی کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ تفصیلات کے مطابق کوئٹہ کی بڑھتی ہوئی آبادی اور گاڑیوں کی تعداد کے پیش نظر ٹریفک کی منظم روانی اور پارکنگ کے مناسب انتظامات کی اہمیت بڑھ گئی ہے۔ مصروف تجارتی علاقوں میں گاڑیوں کی بے ترتیب پارکنگ اور سڑکوں پر غیر ضروری رکاوٹیں ٹریفک کی روانی میں خلل پیدا کر سکتی ہیں، جبکہ رش کے اوقات میں شہریوں کو اپنی منزل تک پہنچنے میں اضافی وقت درکار ہوتا ہے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily Century Express Quetta

Bullet No. 6

Dated: 07 NOV 2026

Page No. 20

پیٹرولیم قیمتوں میں کمی، عوامی مشکلات کب کم ہوں گی؟

ملک میں مہنگائی کے بوجھ تلے دبے عوام کے لیے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی یقیناً ایک خوش آئند پیش رفت ہے، حکومت نے پیٹرول کی قیمت میں 9 روپے 41 پیسے اور ہائی اسپیڈ ڈیزل میں 5 روپے 56 پیسے فی لیٹر کمی کر کے عوام کو جزوی سہولت فراہم کی ہے، اوگرا کے نوٹیفکیشن کے مطابق 6 نومبر 2026 سے پیٹرول کی نئی قیمت 352 روپے 59 پیسے جبکہ ڈیزل 382 روپے 25 پیسے فی لیٹر مقرر کیا گیا ہے۔ بلاشبہ عالمی منڈی کے حالات اور ملکی معاشی تقاضوں کے درمیان قیمتوں کا تعین ایک پیچیدہ عمل ہے، تاہم عوام کی توقعات محض اعلانات نہیں بلکہ عملی ریلیف سے وابستہ ہیں۔ پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں ملکی معیشت کی شہ رگ کی حیثیت رکھتی ہیں۔ ان میں کمی یا اضافے کے اثرات صرف گاڑیوں کے ایندھن تک محدود نہیں رہتے بلکہ اشیائے خورونوش، زرعی پیداوار، صنعتی سرگرمیوں، مال برداری اور پبلک ٹرانسپورٹ کے کرایوں تک پھیل جاتے ہیں۔ بالخصوص ڈیزل کی قیمت میں کمی کا فایدہ کسانوں، ٹرانسپورٹرز اور اشیائے ضروریہ کی ترسیل سے وابستہ کاروباری طبقے کو پہنچنا چاہیے، لیکن ماضی کا تجربہ بتاتا ہے کہ قیمتیں بڑھنے پر مہنگائی فوری طور پر بازاروں میں منتقل ہو جاتی ہے، جبکہ کمی کے باوجود اشیا اور خدمات کے نرخ برقرار رہتے ہیں، اس غیر متوازن طرزِ عمل کی روک تھام ناگزیر ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف کی جانب سے پرائم منسٹر فیول ریلیف پروگرام کے تحت مستحق افراد کو سہولت فراہم نہ کرنے والے پیٹرول پمپس کے لائسنس منسوخ کرنے کی ہدایت ایک اہم انتظامی قدم ہے۔ ٹیکنالوجی کی مدد سے شفاف سبسڈی کی فراہمی کا تصور قابلِ تحسین ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے اس ضمن میں نہ صرف سبسڈی کی شفاف فراہمی پر توجہ دی ہے بلکہ عوامی حقوق کی راہ میں رکاوٹ بننے والے پیٹرول پمپس کے لائسنس منسوخ کرنے کی ہدایت دے کر واضح کیا ہے کہ سرکاری سہولت سے محروم رکھنے والوں کے ساتھ رعایت نہیں برتی جائے گی۔ ٹیکنالوجی پر مبنی اس نظام کے ذریعے مستحق افراد تک براہِ راست مالی سہولت پہنچانے کا حکومتی عزم عوامی فلاح کے جدید تقاضوں سے ہم آہنگ ہے۔ خصوصاً محدود آمدنی والے موٹر سائیکل سواروں، محنت کشوں اور روزانہ سفر کرنے والے شہریوں کے لیے ایسی اسکیمیں معاشی دباؤ کم کرنے میں معاون ثابت ہو سکتی ہیں۔ حکومت کا یہ اقدام اس اعتبار سے بھی اہم ہے کہ امدادی وسائل کی تقسیم میں سفارش، اقربا پروری اور غیر ضروری انتظامی مداخلت کے بجائے شفافیت اور حق دار تک رسائی کو ترجیح دی جا رہی ہے۔ حکومت کو چاہیے کہ پیٹرولیم قیمتوں میں کمی کا فایدہ عوام تک پہنچانے کے لیے ٹرانسپورٹ کے کرایوں اور اشیائے ضروریہ کی قیمتوں کا بھی جائزہ لے۔ سبسڈی مستحق شہریوں کا حق ہے، کوئی سرکاری احسان نہیں۔ معاشی پالیسی کی اصل کامیابی اعداد و شمار کی بہتری سے زیادہ اس وقت نمایاں ہوتی ہے جب ایک عام گھرانے کے چولہے کا بوجھ ہلکا ہو، روزگار کے مواقع بڑھیں اور بنیادی ضروریات عام آدمی کی دسترس میں رہیں۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ اس منصوبے کے ثمرات محض اعلانات تک محدود نہ رہیں بلکہ اس کی مسلسل نگرانی اور عملی نتائج کو یقینی بنایا جائے۔